مجھ جیسے ''متعصب ناقد'' کے جذبات کے برعکس عاشقانِ عمران کا ایک مخصوص گروہ سوشل میڈیا پر دہائی مچاتے ہوئے لوگوں کو یقین دلائے چلے جارہا تھا کہ ان کے مرشد سے جو خط ''منسوب'' کیا گیا ہے وہ وکیل صاحب نے ازخود لکھ دیا۔ ''کپتان ڈٹ کے کھڑا ہے'' والی کہانی پر اصرار نے مجھے حیران سے زیادہ پریشان کیا۔

عملی رپورٹنگ سے عرصہ ہوا ریٹائر ہوچکا ہوں۔ دو ہفتے قبل مگر بھنک پڑی کہ بانی تحریک انصاف اپنی اہلیہ کی علالت سے بہت پریشان ہیں۔ حقائق کی کھوج لگانے کو کچھ لوگوں سے رابطے کو مجبور ہوا۔ انتہائی قابل اعتماد ذرائع سے تصدیق ہوگئی کہ جو اطلاع مجھ تک پہنچی تھی وہ درست ہے۔ بشریٰ بی بی کی آنکھ کو سرجری درکار ہے اور اس کے لیے جیل کا ماحول مناسب نہیں۔ خاں صاحب اپنی ذات کو بشریٰ بی بی کی مشکلات کا ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ انہیں آسانیاں فراہم کرنے کے لئے لچک دکھانے کو آمادہ ہیں۔ بشریٰ بی بی کی جیل یا ہسپتال منتقلی کے بعد ان کی تشویش میں کمی ہوسکتی ہے جو بلڈ پریشر کو قابو میں رکھنے کا کام بھی آسکتی ہے۔

اپنی اہلیہ کی مشکلات سے گھبرا کر 74 برس کی عمر کا شخص لچک دکھانے کو آمادہ ہے تو اسے ''شیر بن شیر'' کہتے ہوئے ''ڈٹ کر کھڑے رہنے'' کا مشورہ دینے والے عاشقان درحقیقت اپنے خوابوں میں موجود ہیرو کے المناک انجام کے منتظر ہیں۔ ان کے ساتھ خدانخواستہ کوئی سانحہ ہوگیا تو یہ عاشقان مرثیہ خواں بن کر سوشل میڈیا پر مجھ جیسے ''ٹاؤٹ'' صحافیوں کی مذمت کے سوا کچھ اور نہیں کرپائیں گے۔

خودساختہ عاشقانِ عمران کے علاوہ مجھے مسلم لیگ (نون) کے چند وزراء کے بیانات نے بھی پریشان کیا۔ نواز شریف صاحب کو بھی 1990ء کے برس سے 2017ء تک ''قدم بڑھاؤ......'' کا یقین دلاتے ہوئے تخت یا تختہ والے معرکوں کی جانب دھکیلا گیا تھا۔ موصوف نے قدم بڑھائے تو بالآخر خود کو تنہا کھڑا پایا۔ جنرل مشرف اور عمران خان کی وزارت عظمیٰ کے دوران سعودی عرب اور بعدازاں لندن میں جلاوطنی کے طویل برس گزارنا پڑے۔ بالآخر لچک دکھاتے ہوئے وطن واپسی کی راہ بنائی۔

فانی انسانوں میں سے ''ہیرو'' تلاش کرنے کی کاوشوں پر غور کرتا ہوں تو 1981ء کا برس یاد آجاتا ہے۔ طویل بے روزگاری سے اُکتا کر مزید تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے لندن چلا گیا تھا۔ اس شہر میں لیکن قرار نصیب نہ ہوا۔ وطن کی یاد تنگ کرتی۔ صحافت کی سختیاں برداشت کرنے کو جی مچلتا۔ بے روزگاری کی تمنا مٹنے کا نام نہ لیتی۔ پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے بے تحاشہ کارکن اور صفِ اول کے چند رہنما لندن میں سیاسی پناہ گزین ہوئے رہ رہے تھے۔ متوسط طبقے سے اٹھے اکثر کارکن سوشل سیکورٹی پر زندہ تھے۔ کسی کے پاس بھی وطن لوٹنے کی حکمت عملی موجود نہ تھی۔ فقط ذوالفقار علی بھٹو کے ''انقلابی ایام'' کو یاد رکھتے اور اس خواہش کا مسلسل اظہار کہ بیگم نصرت بھٹو اور محترمہ بے نظیر بھٹو جنرل ضیاء کے مقابلے میں ڈٹی رہیں۔

دریں اثناء بیگم نصرت بھٹو طبی معائنے کے لئے نظر بندی سے ہسپتال طبی معائنے کے لئے لے جائی گئیں تو چند معالجین نے ان کے پھیپھڑوں میں سرطان جیسا موذی مرض نمودار ہونے کے شبے کا اظہار کیا۔ لندن میں مقیم پیپلز پارٹی کے جید ''جیالوں'' کا ہجوم ان کی مشکلیں آسان کرنے کا کوئی طریقہ دریافت نہ کرپایا۔ ایسے عالم میں بھٹو صاحب کے وفادار دوست اور دانتوں کے معالج ڈاکٹر ظفر نیازی تن تنہا لندن کے مشہور پکاڈلی سرکس کے ایک علاقے میں تین منزلہ بوسیدہ عمارت کی آخری منزل میں قائم ایک کمرے میں دفتر بنانے کے قابل ہوگئے۔ دل کا عارضہ لاحق ہونے کے باوجود سیڑھیاں چڑھ کر علی الصبح وہاں پہنچ جاتے اور بیگم صاحبہ کی مناسب تشخیص اور علاج کے لئے ایسے افراد سے خط وکتابت میں مصروف رہتے جو جنرل ضیاء پر اثرانداز ہوسکتے تھے۔ ان کی لگن نے مجھے شدید متاثر کیا اور احتراماً ان کے لیے خط ٹائپ کرنا شروع کردیے۔ ڈاکٹر نیازی کی مدد کرنے کے بجائے ''جیالے'' سرگوشی میں مجھے یہ بتاتے کہ وہ ''سی آئی اے کے بندے ہیں''۔ بیگم نصرت بھٹو کو پاکستان سے باہر نکلوا کر پیپلز پارٹی کی ''انقلابی تحریک'' کو کمزور کرنا چاہ رہے ہیں۔ بیگم صاحبہ کی خوش بختی کہ ڈاکٹر نیازی مرحوم نے ''سی آئی اے کی ہدایات'' پر عمل جاری رکھا اور بالآخر فرانسیسی صدر تک رسائی حاصل کرلی۔ اس نے امریکی صدر ریگن سے رابطے کے بعد بیگم صاحبہ کی جلاوطنی یقینی بنائی۔ بعدازاں محترمہ بے نظیر بھٹو بھی لندن پہنچ گئیں اور 1986ء کے برس تک اچھے دنوں کا انتظار کرتی رہیں۔ بانی تحریک انصاف کو بھی ٹھوس طبی اور جذباتی وجوہات کی بنا پر ''انقلاب'' سے وقفہ لینے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆



صبح صادق	05:30
فجر	06:00
ظہر	1:30
عصر	04:45
مغرب	05:44
عشاء	07:45



جامعہ کراچی اور ہوپ فلیٹ کے مابین مفاہمتی یادداشت کے موقع پر پروفیسر ڈاکٹر محمد نعیم خان اور عارفہ سعدیہ دستاویز کا تبادلہ کر رہے ہیں

جامعہ کراچی اور حماد فاؤنڈیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کے شعبہ فزیالوجی اور حماد فاؤنڈیشن کے درمیان طلبہ کو انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے، ان کی تعلیمی و پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارنے اور سماجی خدمات کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر ORIC کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد نعیم خان اور حماد فاؤنڈیشن کے چیئرمین حماد تنویر نے دستخط کیے۔ ایک اور تقریب میں جامعہ کراچی اور ہوپ فلیٹ فاؤنڈیشن میں تعلیمی تعاون کا معاہدہ طے پا گیا جس کے تحت طلبہ کو وظائف، انٹرن شپ اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ تحقیق اور پیشہ ورانہ تربیت کو فروغ دیا جائے گا۔

ابراہیم حیدری میں نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ، 28 سالہ نوجوان قتل

تین گولیاں لگنے سے اطہر علی میمن موقع پر جاں بحق، دو سال قبل کورٹ میرج کی، ایک بچے کا باپ تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے ابراہیم حیدری میں نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کرکے 28 سالہ نوجوان کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ مقتول کی شناخت اطہر علی میمن ولد گلزار علی کے نام سے ہوئی ہے، جسے تین گولیاں ماری گئیں۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ ریڑھی روڈ پر جمعہ پل کے قریب پیش آیا، جہاں ملزمان نے اطہر علی میمن کو نشانہ بنایا۔ گولیاں لگنے کے باقی صفحہ نمبر 06 پر

کورنگی نورانی بستی زمان پارک سے 32 سالہ شخص کی تشدد زدہ لاش ملی

قصبہ اسلامیہ کالونی پولیس چوکی کے قریب شاہ فیصل خان گولی لگنے سے زخمی، جناح اسپتال منتقل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے دو الگ الگ واقعات میں ایک شخص کی تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی جبکہ فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا، دونوں واقعات کے متاثرین کو طبی کارروائی کے لیے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ چھیپا ذرائع کے مطابق کورنگی ڈیڑھ نمبر کے علاقے نورانی بستی، سیکٹر 38 بی، زمان پارک سے 32 سالہ ساجد باقی صفحہ نمبر 06 پر

سندھ ٹیکنیکل بورڈ، تھرڈ ایئر امتحانی فارم کا شیڈول جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے ڈی اے ای تھرڈ ایئر کے سالانہ امتحانات 2027 کے امتحانی فارم جمع کرانے کا شیڈول جاری کردیا ہے۔ بورڈ کے ترجمان زوہیب احمد خان کے مطابق امیدوار بغیر لیٹ فیس اپنے امتحانی فارم 7 دسمبر 2026 تک جمع کرا سکتے ہیں۔ شیڈول کے مطابق ریگولر مارننگ کے امیدواروں کے لیے امتحانی فیس 3 ہزار 900 روپے جبکہ ایوننگ کے لیے 5 ہزار 800 روپے مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح ریپیٹر مارننگ کی فیس 3 ہزار 750 روپے اور ایوننگ کی فیس 5 ہزار 650 روپے ہوگی۔

جامعہ کراچی KSP پالیسی کی حمایت، جماعت اسلامی نے سندھ اسمبلی میں قرارداد جمع کرادی

کراچی کے طلبہ کو داخلوں میں ترجیح دینا جائز، پالیسی شہر کے تمام لسانی، نسلی، سماجی طبقات کو موقع فراہم کرتی، سندھ کے دیگر شہروں کی جامعات بھی مقامی طلبہ کو داخلوں میں ترجیح دیتی ہیں

مختلف تعلیمی بورڈز کے امتحانی معیار، مارکنگ کا فرق نظرانداز کرکے یکساں میرٹ کا اطلاق کراچی کے طلبہ کیلئے مشکلات، ناانصافی کا باعث بن سکتا، جماعت اسلامی رکن محمد فاروق کا مؤقف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق نے جامعہ کراچی کی KSP داخلہ پالیسی کے تحفظ اور کراچی کے مقامی طلبہ کے تعلیمی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے سندھ اسمبلی میں قرارداد جمع کرادی ہے۔ قرارداد میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ جامعہ کراچی کی KSP داخلہ پالیسی طلبہ کے تعلیمی حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری ہے۔ کراچی سے انٹرمیڈیٹ کرنے والے طلبہ کو جامعہ کراچی میں داخلوں کے دوران ترجیح دینا ایک جائز اور معقول انتظامی پالیسی ہے، جس پر ماضی میں بھی عمل ہوتا رہا ہے۔ محمد فاروق کا کہنا ہے کہ سندھ کے دیگر شہروں میں قائم جامعات بھی اپنے مقامی طلبہ کو داخلوں میں ترجیح دیتی ہیں، اس لیے جامعہ کراچی میں کراچی کے مقامی طلبہ کو مناسب ترجیح دینے پر اعتراض بلا جواز ہے۔ ان کے مطابق مختلف تعلیمی بورڈز کے امتحانی معیار اور مارکنگ کے فرق کو نظرانداز کرکے یکساں میرٹ کا اطلاق کراچی کے طلبہ کے لیے مشکلات اور ناانصافی کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ KSP داخلہ پالیسی کراچی کے تمام لسانی، نسلی اور سماجی طبقات سے تعلق رکھنے والے طلبہ کے تعلیمی حقوق کا تحفظ کرتی ہے۔ یہ پالیسی کسی ایک طبقے یا مخصوص گروہ کے لیے نہیں بلکہ شہر کے تمام شہریوں کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے مقصد سے مرتب کی گئی ہے۔ محمد فاروق نے مطالبہ کیا کہ جامعہ کراچی کی انتظامیہ KSP داخلہ پالیسی کی حمایت باقی صفحہ نمبر 06 پر



تحریک پاکستان کے رہنما چوہدری رحمت علی کی سالگرہ تقریب میں چوہدری افتخار احمد ایم این اے ڈاکٹر فرح اکبر ناز ودیگر کیک کاٹ رہے ہیں

ہائیکورٹ، افغان خاتون کی پاکستانی شہریت سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ

خاتون پاکستانی شہری سے شادی کرچکی، وزارت داخلہ سے جواب نہ ملنے پر عدالت سے رجوع کیا، وکیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے مبینہ افغان شہری سومیہ کی پاکستانی شہریت سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ سومیہ پاکستانی شہری عبدالحمید سے شادی کرچکی ہیں اور شادی سے متعلق تمام دستاویزات بھی درخواست کے ساتھ منسلک ہیں۔ عدالت میں سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے بتایا کہ سومیہ کے والدین افغانستان جاچکے ہیں، جبکہ ان کی شادی کے تمام باقی صفحہ نمبر 06 پر

کال سینٹر چھاپہ کیس، ملزم کی ضمانت پر سماعت 19 نومبر تک ملتوی

سماعت کے دوران وکلا کے درمیان تلخ کلامی، وکیلِ صفائی کا اسسٹنٹ اٹارنی جنرل پر غلط بیانی کا الزام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں کال سینٹر پر چھاپے کے مقدمے میں ملزم عبید اشرف کی درخواستِ ضمانت کی سماعت کے دوران وکلا آپس میں الجھ پڑے۔ وکیلِ صفائی سعید عباسی ایڈووکیٹ نے اسسٹنٹ اٹارنی جنرل آر ڈی کلہوڑو پر عدالت میں غلط بیانی کرنے کا الزام عائد کیا، جس پر دونوں کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا۔ سماعت کے دوران سعید عباسی ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ عدالتی ریکارڈ کے مطابق متعلقہ کال پی وصول کی جا چکی ہے، تاہم اسسٹنٹ باقی صفحہ نمبر 06 پر

ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس کا راجہ تنویر کالونی اور ملحقہ علاقوں میں سرچ آپریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر ٹارگیٹڈ کومبنگ اور سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ شب تھانہ اقبال مارکیٹ کی حدود راجہ تنویر کالونی اور ملحقہ علاقوں میں پولیس نے سرچ آپریشن کیا۔

ہل پارک مبینہ غیرقانونی تعمیرات، کے ایم سی ودیگر سے 30 نومبر تک جواب طلب

معاملہ عدالت میں زیرسماعت، عدالتی فیصلے تک تعمیرات کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے، وکیل جماعت اسلامی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے ہل پارک میں پہاڑ کی کٹائی اور مبینہ غیرقانونی تعمیرات کے خلاف جماعت اسلامی کے رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق اور دیگر کی درخواستوں پر پی ای سی ایچ ایس سوسائٹی، کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) اور ڈائریکٹر پارک سے جواب طلب کرلیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں درخواستوں کی سماعت کے دوران بلڈر کی جانب سے تعمیرات کی اجازت دینے کی استدعا کی گئی، جس پر جماعت اسلامی کے وکیل عثمان فاروق ایڈووکیٹ باقی صفحہ نمبر 06 پر

کورنگی زمان پارک کے قریب سے 4 بچوں کے باپ کی تشدد زدہ لاش برآمد

سر، آنکھوں اور جسم کے مختلف حصوں پر تشدد کے نشانات، مقتول کو فون کرکے گھر سے بلایا گیا تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی ڈیڑھ نمبر کے علاقے زمان پارک کے قریب سے چار بچوں کے باپ کی تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی ہے۔ مقتول کی شناخت ساجد کے نام سے ہوئی، جس کا تعلق گلگت بلتستان کے ضلع استور کے گاؤں ڈشکن سے تھا۔ تفصیلات کے مطابق زمان ٹاؤن کے علاقے نورانی بستی، سیکٹر 38 بی، زمان پارک کے قریب ایک شخص کی لاش ملی، جسے چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ مقتول کے اہل خانہ کے مطابق ساجد گارمنٹ فیکٹری میں ملازمت کرتا تھا اور اپنے بیوی بچوں، والد اور چھوٹے بھائی کے ساتھ رہائش پذیر تھا۔ وہ گھر کا واحد کفیل تھا۔ مقتول کے کزن مقصود اور دیگر رشتہ داروں نے بتایا کہ پیر کی شب تقریباً 10 بجے بجلی آنے کے بعد ساجد کو کسی شخص کا فون آیا، جس پر وہ گھر سے باہر چلا گیا۔ کافی دیر تک واپس نہ باقی صفحہ نمبر 06 پر

ڈاکٹر احمد سلمان غوری پیما کے مرکزی صدر منتخب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما) کے ممبران نے کراچی سے تعلق رکھنے والے کنسلٹنٹ کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر احمد سلمان غوری کو آئندہ دو سال کے لیے تنظیم کا مرکزی صدر منتخب کرلیا ہے۔ انہوں نے خیبر میڈیکل کالج میں منعقدہ پیما کے 28ویں مرکزی کنونشن کے افتتاحی سیشن میں اپنے عہدے کا حلف اٹھایا۔ ڈاکٹر احمد سلمان غوری سندھ میڈیکل کالج کے گریجویٹ ہیں اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (NICVD) میں ایسوسی ایٹ فزیشن کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

بیرونِ ملک ملازمت کا جھانسہ دے کر فراڈ، 8 سال سے مفرور ملزم گرفتار

ملزم یو اے ای کا جعلی ورک ویزا دے کر ایک لاکھ 95 ہزار روپے وصولی کے مقدمے میں نامزد ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے بیرونِ ملک ملازمت کے نام پر فراڈ کے مقدمے میں 2018 سے مفرور اشتہاری ملزم خالد نعیم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم انسانی اسمگلنگ اور بیرونِ ملک ملازمت کے نام پر شہریوں سے فراڈ کے الزام میں مطلوب تھا۔ ترجمان کے مطابق ملزم امیگریشن آرڈیننس 1979 کے تحت درج مقدمے میں مطلوب تھا۔ عدالتی کارروائی کے دوران مسلسل عدم حاضری کے باعث متعلقہ عدالت نے اسے اشتہاری قرار دے رکھا تھا۔ مقدمے کے مطابق ملزم پر الزام ہے کہ اس نے ایک پاکستانی شہری کو متحدہ عرب امارات میں ملازمت دلوانے کا جھانسہ دے کر ایک لاکھ 95 ہزار روپے وصول کیے اور اسے یو اے ای کا جعلی ورک ویزا فراہم کیا۔ تاہم شکایت کنندہ کو بیرونِ ملک ملازمت کے لیے نہیں بھجوایا گیا اور نہ ہی اس کی رقم واپس کی گئی۔ بعدازاں ویزے کی تصدیق کے دوران اس کی اصلیت پر بھی شکوک وشبہات سامنے آئے۔ ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے کارروائی کرتے ہوئے 16 نومبر 2026 کو اشتہاری ملزم کو گرفتار کیا۔

سعد ظفر قتل کیس، پولیس ٹیم کے اعزاز میں تقریب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی کیماڑی سنگھار ملک نے سعد ظفر قتل کیس میں ملزمان کی ٹریسنگ اور گرفتاری میں اہم کردار ادا کرنے والی پولیس ٹیم کے افسران اور اہلکاروں میں تعریفی اسناد CC-III تقسیم کیں۔ واضح رہے کہ 2 نومبر 2026 کو اسپار کو روڈ پر فائرنگ کرکے کار سوار سعد ظفر کو قتل کردیا گیا تھا۔

ساڑھے تین کروڑ آبادی کیلئے صرف 38 بنیادی صحت مراکز، منعم ظفر

393 ارب بجٹ کے باوجود سندھ حکومت بنیادی صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے چیئرمین لانڈھی ٹاؤن عبدالجمیل خان اور امیر ضلع کورنگی مرزا فرحان بیگ کے ہمراہ لانڈھی مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ کیئر سینٹر کا دورہ کیا اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی کی ساڑھے تین کروڑ آبادی کے لیے صرف 38 بنیادی صحت کے مراکز، سات رورل ہیلتھ سینٹرز اور 80 سے 85 مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ کیئر سینٹرز موجود ہیں، جبکہ عالمی معیار کے مطابق ہر 25 ہزار آبادی کے لیے ایک بیسک ہیلتھ یونٹ ہونا چاہیے، جس کے تحت کراچی میں تقریباً 1400 مراکز درکار ہیں۔ 393 ارب روپے کے بجٹ کے باوجود سندھ حکومت بنیادی صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہے، 18 سال سے برسر اقتدار حکومت بتائے کہ اس کے پاس عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کا کیا منصوبہ ہے اور کراچی میں کتنے مراکز فعال ہیں؟ انہوں نے کہا کہ جب جماعت اسلامی محدود وسائل میں اپنے نو ٹاؤنز میں صحت کے مراکز بہتر بنا سکتی ہے تو صوبائی حکومت ایسا کیوں نہیں کرسکتی؟ منعم ظفر خان نے کہا کہ کراچی کے شہریوں کو اختیارات اور وسائل دینا ان کا حق ہے۔ بااختیار بلدیاتی نظام کے بغیر شہر کے مسائل حل نہیں ہوں گے، آج میئر کے پاس مین ہولز کے ڈھکن اور صفائی تک کے اختیارات نہیں۔ اختیارات نہ ملنے کے باعث انتظامی یونٹس اور صوبوں کی بات سامنے آتی ہے، تاہم جماعت اسلامی کا مؤقف ہے کہ انتظامی یونٹس یا صوبوں کا قیام آئینی فریم ورک کے تحت ہونا چاہیے۔

پروفیسر زاہد حسین راجپر ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ مقرر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے محکمہ کالج ایجوکیشن کے ایسوسی ایٹ پروفیسر آف فزکس زاہد حسین راجپر کو ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ (بی ایس 20) مقرر کردیا ہے۔ محکمہ سروسز، جنرل ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈینیشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق زاہد حسین راجپر، جو اس سے قبل ڈائریکٹر ایچ آر کالجز سندھ باقی صفحہ نمبر 06 پر

بریگیڈ پولیس کی کارروائی، 38 کلو چھالیہ اور گٹکا ماوا برآمد، ملزم گرفتار

لائنز ایریا اور جیکب لائن میں گٹکا ماوا کی سپلائی ناکام بنادی، رکشہ پولیس تحویل میں لے لیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بریگیڈ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے گٹکا ماوا کی تیاری اور سپلائی میں استعمال ہونے والی چھالیہ اور تیار گٹکا ماوا کی بڑی کھیپ برآمد کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے 38 کلو چھالیہ، گٹکا ماوا کی 50 پڑیاں اور نقدی رقم برآمد کرنے کے علاوہ سپلائی کے لیے استعمال ہونے والا رکشہ بھی تحویل میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت محمد جنید ولد عبدالمجید کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم مبینہ طور پر چھالیہ اور گٹکا ماوا کی سپلائی میں ملوث تھا، جبکہ برآمد ہونے والا سامان کراچی کے علاقوں لائنز ایریا اور جیکب لائن میں باقی صفحہ نمبر 06 پر

کراچی میں ای ڈومیسائل اور پی آر سی پورٹل کا افتتاح کردیا گیا

شہری گھر بیٹھے موبائل ایپ کے ذریعے درخواست دے سکیں گے، جعلی سرٹیفکیٹس کی روک تھام کا دعویٰ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے شہریوں کو ڈومیسائل اور مستقل رہائشی سرٹیفکیٹ (پی آر سی) کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ای ڈومیسائل اور پی آر سی پورٹل متعارف کرادیا۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے پورٹل کا افتتاح کیا، جس کے بعد شہری موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے گھر بیٹھے دونوں سرٹیفکیٹس کے لیے آن لائن درخواست دے سکیں گے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے کہا کہ ای ڈومیسائل سسٹم سے جعلی درخواستوں اور جعلی ڈومیسائل کی روک تھام میں بھی مدد ملے گی، جبکہ اس سہولت کو سندھ کے دیگر اضلاع تک توسیع دی جائے گی۔ کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چہرے کے ذریعے شناخت کی تصدیق اور مطلوبہ دستاویزات اپ لوڈ کرنے کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ متعلقہ ڈپٹی کمشنر دستاویزات کی جانچ پڑتال کے بعد درخواست پر فیصلہ کرے گا جبکہ مجاز ادارے جاری کردہ سرٹیفکیٹس کی فوری آن لائن تصدیق بھی کرسکیں گے۔



ڈی سی ساؤتھ کمپلیکس میں چیف سیکریٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ سندھ ای ڈومیسائل اور پی آر سی آن لائن پورٹل کا افتتاح کر رہے ہیں

سندھ ٹیکنیکل بورڈ نے ڈپلومہ کورسز کا شیڈول جاری کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے دو سالہ ڈپلومہ اِن انفارمیشن ٹیکنالوجی (II-DIT) اور ایک سالہ ڈپلومہ اِن سائبر سکیورٹی کے داخلوں اور رجسٹریشن کا شیڈول جاری کردیا ہے۔ ڈی آئی ٹی ڈپلومہ کی نارمل فیس 5 ہزار 800 روپے کے ساتھ رجسٹریشن کی آخری تاریخ 16 نومبر 2026ء مقرر کی گئی تھی۔ جبکہ ایک سالہ سائبر سکیورٹی ڈپلومہ کی نارمل رجسٹریشن فیس 6 ہزار 100 روپے اور آخری تاریخ 19 نومبر 2026ء مقرر کی گئی ہے۔

کراچی میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ حکومتی نااہلی کا نتیجہ ہے، حلیم عادل شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کراچی میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کو حکومتی نااہلی اور عوام دشمن پالیسیوں کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکمرانوں نے غریب عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی ہے۔ اپنے بیان میں حلیم عادل شیخ نے کہا کہ گندم درآمد کرنے کے باوجود آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ حکومتی دعوؤں کی قلعی کھول رہا ہے۔ کراچی میں عام آٹا 180 روپے، فائن آٹا 200 روپے جبکہ چکی کا آٹا 215 روپے فی کلو تک فروخت ہونا تشویشناک ہے اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کے لیے مزید مشکلات پیدا کررہا ہے۔



حب گیٹ وے ہولڈنگ کمپنی کی جانب سے سامبا بینک لمیٹڈ (''ٹارگٹ کمپنی'') کے تقریباً 84.51 فیصد شیئرز اور انتظامی کنٹرول کے حصول سے متعلق ارادے کے عوامی اعلان کی واپسی

یہ اعلان حب گیٹ وے ہولڈنگ کمپنی (''حصول کنندہ'') کی جانب سے مورخہ 18 فروری 2026 کو جاری کردہ ارادے کے عوامی اعلان (PAI) کے حوالے سے ہے، جو مورخہ 20 فروری 2026 کو روزنامہ بزنس ریکارڈر اور روزنامہ نوائے وقت میں شائع کیا گیا تھا۔ مزید برآں، مذکورہ PAI کے ضمیمہ کا اعلان مورخہ 3 مارچ 2026 کو جاری کیا گیا، جو مورخہ 5 مارچ 2026 کو شائع ہوا۔ یہ اعلانات سامبا بینک لمیٹڈ کے 852,040,531 عام شیئرز کے مجوزہ حصول سے متعلق تھے، جو ٹارگٹ کمپنی کے کل جاری شدہ اور ادا شدہ سرمائے کا 84.51 فیصد ہیں (''معاملہ'')۔ اس ضمن میں، پبلک اناؤنسمنٹ آف آفر (PAO) جاری کرنے کی مدت میں توسیع کا اعلان بھی مورخہ 18 اگست 2026 کو جاری کیا گیا تھا۔

ہم، عارف حبیب لمیٹڈ، بطور منیجر برائے آفر، بذریعہ ہذا مطلع کرتے ہیں کہ پبلک اناؤنسمنٹ آف آفر جاری کرنے کے لیے مقررہ مدت، جس میں حصول کنندہ کی جانب سے توسیع کی گئی تھی، آج مورخہ 17 نومبر 2026 کو اختتام پذیر ہورہی ہے (''مقررہ میعاد'')، جبکہ فریقین معاہدہ خرید شیئرز (Share Purchase Agreement – SPA) پر دستخط اور اس کے نفاذ کے آخری مراحل میں ہیں۔

اس پس منظر میں اور لسٹڈ کمپنیز (سبسٹینشل ایکوزیشن آف ووٹنگ شیئرز اینڈ ٹیک اوورز) ریگولیشنز 2017 (''ریگولیشنز'') کے ریگولیشن 21(1)(e)، جسے سکیورٹیز ایکٹ 2015 کے ساتھ پڑھا جائے، ہم حصول کنندہ کی جانب سے بذریعہ ہذا اطلاع دیتے ہیں کہ مقررہ مدت کے اختتام کے پیش نظر، ہمارے کلائنٹ، حصول کنندہ، نے ٹارگٹ کمپنی میں شیئرز ہولڈنگ کے حوالے سے PAI واپس لے لیا ہے۔ تاہم حصول کنندہ مذکورہ معاملے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے اپنے عزم پر بدستور قائم ہے اور متعلقہ ریگولیشنز کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے ذریعے ارادے کا نیا عوامی اعلان جاری کرے گا، جسے مقررہ ضابطہ کار کے تحت اخبارات میں بھی شائع کیا جائے گا۔

مذکورہ اعلان واپسی کا عمل متعلقہ ریگولیشنز کے تقاضوں کی مکمل تعمیل میں انجام دیا جارہا ہے۔

آفر کے منیجر
عارف حبیب لمیٹڈ
انویسٹمنٹ بینکنگ
دوسری منزل، عارف حبیب سینٹر
23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
فون: 111 245 111 21 92+

TOYOTA

پہلے عبوری نقد منافع (D-80) کی الیکٹرونک ادائیگی، برائے سال مختتمہ 30 جون 2027 کی ادائیگی

ہم کمپنی کے حصص یافتگان کو بمسرت مطلع کرتے ہیں کہ 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے 56 روپے فی حصص یعنی 560 فیصد پہلے عبوری نقد منافع منقسمہ (D-80) کی ادائیگی ان تمام حصص یافتگان کو الیکٹرونک طریقے سے ان کے بینک اکاؤنٹ میں کردی گئی ہے، جنہوں نے اپنا حالیہ (CNIC) اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) جمع کرادیا تھا۔

کمپنی نے ان حصص یافتگان کا منافع منقسمہ روک لیا ہے جنہوں نے کمپنیز ریگولیشنز (ڈیویڈنڈز ڈسٹری بیوشن) 2017 کے تحت ابھی تک اپنی حالیہ (CNIC) کی کاپی مکمل بینک تفصیلات بمعہ حالیہ IBAN فراہم نہیں کی ہیں۔

لہٰذا، حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.toyota-indus.com پر شائع کردہ فارم کو اپنی 24 ہندسوں کے IBAN سے بھر کر اپنی حالیہ (CNIC) کی کاپی کے ہمراہ کمپنی شیئر رجسٹرار/CDC یا بروکر سے رابطہ کریں۔

محمد عارف انظر
کمپنی سیکریٹری

کراچی
17 نومبر 2026ء

INDUS MOTOR COMPANY LIMITED
www.toyota-indus.com

AA ENTERPRISES
DELIVERING EXCELLENCE

JOB OPPORTUNITIES

Post/Designation	No. of Posts	Area/Region
Ticket Checker (Matric/Inter)	80	Pakistan
Booking Clerk (Matric/Inter + Passenger Dealing)	60	Pakistan
Area Supervisor (B.A./Above)	5 (Per Location)	Pakistan

STATIONS
Raiwind Jn - Kot Lakhpat - Lahore Cantt - Gujranwala - Wazirabad - Gujrat - Lala Musa Jn - Jhelum - Dina - Gujar Khan - Rawalpindi - Gojra Sharif - Taxila Cantt - Hasan Abdal - Attock City Jn - Jahangira Road - Nowshera Jn - Peshawar City - Peshawar Cantt - Rohri Jn - Pano Akil - Ghotki - Mirpur Mathelo - Ghotki - Daharki - Ghotki - Sadiqabad - Rahim Yar Khan - Khanpur Jn - Liaquatpur - Rahim Yar Khan - Dera Nawab Sahib - Bahawalpur - Bajawalpur - Lodhran Jn - Multan Cantt - Khanewal Jn - Mian Channu - Chichawatni - Sahiwal - Okara - Pattoki - Kot Radha Kishan - Karachi Cantt - Drigh Road - Landhi Jn - Bin Qasim - Kotri Jn - Jamshoro - Hyderabad Jn - Tando Adam - Shahdadur - Sarhari - Shaheed Benazirabad - Nawabshah Jn - Daur - Shaheed banazirabad - Bandhi - Kot Laloo - Khairpur - Padidan - Naushahro Feroze - Mehrabpur - Setharja - Khairpur - Ranipur Riyasat - Khairpur - Gambat - Khairpur

Send your resume before **November 22, 2026** at
hr.aaenterprises.pk@gmail.com or **Whatsapp: 0310 7585895**
For more detail plz visit: aaenterprises.com.pk

FFC فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ

تیسرے عبوری نقد منافع (کیش ڈیویڈنڈ) 2026 کی ادائیگی

حصص یافتگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 30 ستمبر 2026 کو ختم ہونے والی سہ ماہی کے لیے 185 فیصد کی شرح سے (10 روپے مالیت کے فی عام شیئر پر 18.50 روپے) تیسرا عبوری نقد منافع، 17 نومبر 2026 کو اہل شیئر ہولڈرز کے متعلقہ درست انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبرز (IBAN) میں الیکٹرانک طریقے سے منتقل کردیا گیا ہے۔

مزید برآں، کمپنیز (تقسیم منافع) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن 6(ii) کی تعمیل میں، ان حصص یافتگان کا منافع روک لیا گیا ہے جنہوں نے IBAN فراہم نہیں کیے یا جن کے فراہم کردہ IBANs درست نہیں پائے گئے۔

جن حصص یافتگان کو اپنا منافع (Dividend) موصول نہیں ہوا ہے، ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے درست IBAN کی تفصیلات فراہم کریں یا کمپنی یا اس کے 'شیئر رجسٹرار' (Share Registrar) سے درج ذیل پتوں پر رابطہ کرکے مدد حاصل کریں:

فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ
سونا ٹاور، 156 دی مال،
راولپنڈی۔
فون نمبر: 051-8453235
investor.relations@ffc.com.pk

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک-بی، ایس ایم سی ایچ ایس (S.M.C.H.S)،
مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔
فون نمبر: 021 111 111 500
info@cdcsrsl.com

بریگیڈیئر محمد ارشد، (ریٹائرڈ)، ایس آئی (ایم)
کمپنی سیکرٹری

راولپنڈی
18 نومبر 2026